| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ اور 'ا سے لے کر 'ے' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'ی' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ی' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ی' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور حرف 'ی' کی آدھی شکل یہ Puppet Stick card کے ذریعے دکھائی جائے گی۔ میں حروف تہجی کا اڑتیسواں حرف ہوں۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ی' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ی' کے ذخیرہ الفاظ یکہ، یاک، یاقوت، یادگار اور یویو کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ی' کے ذخیرہ الفاظ کم ہیں۔ تختہ سفید سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور بچوں کو حرف 'ی' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ی' کی پوری شکل پہ نقطہ نہیں ہوتا لیکن آدھی شکل کے نیچے دو نقطے ہوتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 80 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ی' پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر: یکہ یادگار وغیرہ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ی' کی پوری اور آدھی شکل میں پنسل پھیریں گے اور 'ی' یویو میں رنگ بھریں گے<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ی' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 80<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |


| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حرف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ی' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کی 'ی' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو یکہ اور یاک فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا پرانے زمانے میں جب گاڑیاں نہیں ہوتی تھیں۔ تو لوگ سواری کے لیے یکہ استعمال کرتے تھے۔ آج کل بھی نظر آتا ہے لیکن کم۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یاک گائے کی طرح کا جانور ہے لیکن تھوڑا مختلف ہے یہ پہاڑوں میں رہتا ہے۔ اور ٹھنڈے علاقے کا جانور ہے۔ بچوں کو یاک کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے کہ یہ کس کی طرح کا جانور لگتا ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ی' کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے۔ | 10 منٹ | یکہ فلیش کارڈ<br>یاک فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>حروف تہجی کے بلاکس یا شکلیں اس سرگرمی کے لیے بہترین ہیں۔ کلاس روم کے فرش پر 'ا سے لے کر ی' تک حروف تہجی کے بلاک یا شکلیں بکھیر دیں۔ بچوں کو دیوار کے ساتھ لائن میں کھڑا کریں۔ اور اُن سے پہلا حرف 'ا' تلاش کرنے کی دوڑ لگائیں۔ 'ا' تلاش کرنے والا پہلا بچہ اُس کے اوپر چھلانگ لگائے گا اور کہے گا۔ 'ا' اسی طرح یہ سرگرمی 'ی' تک کروائیں۔ بچوں سے حروف کی صوتی آوازیں پوچھی جائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں یاک میں Cotton Buds کی مدد سے رنگ بھریں اور 'ی' کی پوری شکل پر پنسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | حروف تہجی<br>بلاکس/اشکال<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے یکہ، یاک، یادگار کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ی' پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز بتائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے کہ آج ہم 'ی' سے یاقوت کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ ایک پتھر ہے یہ سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اور یہ زیورات جیسا کہ انگوٹھی، ہار اور چوڑیوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ ایک قیمتی پتھر ہے۔ بچوں کو کہیے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ی' بنائیے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر حرف 'ی' لکھیں ایک نرم گیند لے کر اُس کو کسی بھی بچے کی طرف پھینکیں اور اُس کو کہیں کہ حرف 'ی' سے شروع ہونے والا کوئی کوئی لفظ بتائے۔ یہ سرگرمی باری باری تمام بچوں کے ساتھ دہرائیے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ی' کی آدھی شکل کے گرد دائرہ لگائیں گے اور 'ی' کی آدھی شکل پر پنسل پھیریئے۔ | 20 منٹ | گیند | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ی' کی پوری اور آدھی شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں حروف کی پوری شکل کو آدھی شکل سے ملائیں اور 'ی' کی پوری اور آدھی شکل پر پنسل پھیریں۔ | | ورک شیٹ | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ی' کی پوری اورآدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کا تلفظ اورآواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ی' سے زیادہ الفاظ شروع نہیں ہوتے۔اسی لیے ہم پچھلے الفاظ کی دہرائی کریں گے۔اُن کو صفحہ نمبر 81 کے الفاظ کی دہرائی کروائیں۔اُن کو صفحہ نمبر 81 کے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اُن کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10منٹ | کتاب صفحہ نمبر 81 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ی' اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء اور دوسری اشیاء کا Spin Wheel دیا جائے گا۔بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ی' سے شروع ہونے والی اشیاء کو اُس سے ملائیں۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 81 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔بتایئے بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ی' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے اور نیچے دی گئی پوری اور آدھی شکل پر پنسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | Spin Wheel<br> | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ سفید پر لکیر کھینچ کر 'ی' کی آدھی اور پوری شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ی' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ یادگار پاکستان ہے۔ اس کو مینارِ پاکستان بھی کہتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ اُن میں سے کوئی یہاں گیا ہے۔ اگر بچوں کا جواب ہاں ہوگا تو جو جو بچے گئے ہیں اُن سے یادگار کے بارے میں پوچھا جائے گا اُن کو وہ جگہ کیسی لگی انہوں نے وہاں کیا کیا دیکھا۔ بچوں کو بتائیں کہ یادگار پاکستان میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ پاکستان 14 اگست 1947 کو بنے گا۔<br>Sand Tray دے کر حرف 'ی' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ<br>یادگارِ پاکستان<br>Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ی' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکے۔ | 30منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ی' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ی' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 2منٹ | | |